ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((440

15.09.25

## بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے تھانہ کوتوالی میں کھلی کچہری کا انعقاد۔کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کو گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تھانہ کوتوالی میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی بہاولپور، ایس ایچ او و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈی پی او محمد حسن اقبال تھانہ کوتوالی میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((441

15.09.25

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور محمد حسن اقبال نے آج کیپٹن سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیو نگ سکول بہاولپور کا دورہ کیا اور جدید ڈرائیو نگ سٹیمولیٹر کا افتتاح کیا۔یہ جدید سہولت شہریوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ڈرائیو نگ کی عملی تربیت فراہم کرے گی،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق کیپٹن سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیو نگ سکول میں سادہ مگر پر وقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ڈی پی او بہاول پور نے جدید ڈرائیو نگ سٹیمولیٹر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ ڈرائیو نگ سٹیمولیٹر کی بدولت اب ٹرینی ڈرائیورز کو کسی قسم کے حادثے کے خدشے کے بغیر مختلف موسمی حالات، ٹریفک کے دباؤ، رات کی ڈرائیو نگ، اور ہنگامی صورتحال میں گاڑی چلانے کی عملی مشق کا موقع میسر آئے گا۔یہ جدید ٹیکنالوجی ڈرائیو نگ کے دوران خطرات کو کم کرنے اور ڈرائیورز کی مہارت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔پولیس ڈرائیو نگ ٹریننگ سکول بہاولپور میں شہریوں کے لیے صبح و شام کلاسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔خواتین کے لیے علیحدہ کلاسز اور تربیت کی غرض سے فی میل انسٹر کٹرز موجود ہیں جبکہ مرد حضرات کو میل انسٹر کٹرز کے ذریعے ٹریننگ دی جاتی ہے۔ کورس کی مدت دو ہفتے ہے جس کے دوران ڈرائیو نگ کی تمام بنیادی اور عملی مہارتیں جدید سٹیمولیٹر کے ذریعے سکھائی جاتی ہیں۔اس سہولت سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے تمام شہری پولیس ڈرائیو نگ ٹریننگ سکول بہاولپور میں داخلہ لے سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام نہ صرف ڈرائیو نگ کے معیار کو بہتر بنائے گا بلکہ ٹریفک حادثات کی شرح میں کمی اور سڑکوں پر محفوظ ڈرائیو نگ کلچر کے فروغ میں بھی مددگار ثابت ہو گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور محمد حسن اقبال کیپٹن سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ سکول میں جدید ڈرائیونگ سٹیمولیٹر کا افتتاح کر رہے ہیں